# تبصرے

**حجۃ الاسلام مکمل**:۔ از مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ، تقطیع کلاں، ضخامت ۷۶ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد تین روپے پچاس پیسے، پتہ :۔ مجلس معارف القرآن۔ دار العلوم دیوبند۔

حضرت نانوتوی قدس سرہٗ کی ذات ستودہ صفات انیسویں صدی کے نصف آخر میں بے شبہ آیۃٌ مِّنْ اٰیاتِ اللہ تھی۔ آپ کے علمی۔ عملی۔ اخلاقی اور روحانی کارنامے دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ قدرت نے رازی کا فلسفہ۔ شعرانی کا علم الکلام۔ غزالی کا سوز وگداز۔ ابن تیمیہ کا صولت بیان۔ ولی اللہ کی حکمت ودانش۔ احمد سرہندی کی غیرت وحمیت اسلامی اور ٹیپو کی شجاعت یہ سب چیزیں کس فیاضی سے ایک شخص میں جمع کردی تھیں۔ حضرت مرحوم نے جو رسالے اور کتابیں اپنی قلمی یادگار کے طور پر چھوڑے ہیں ان میں حجۃ الاسلام کا ایک خاص مقام ہے۔ اس میں اسلامی عقائد واعمال کے مختلف اجزا پر نہایت حکیمانہ اور یقین افروز کلام کیا گیا ہے۔ یہ کتاب متعدد بار چھپ چکی ہے لیکن اب مجلس معارف القرآن نے اس کو بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے۔ پہلے یہ کتاب نامکمل تھی اب "تحفۂ لحمیہ" کا آخر میں اضافہ کرکے اسے مکمل کردیا گیا ہے۔ مضامین کتاب کے عنوانات حضرت شیخ الہند نے ہی مقرر کردئے تھے۔ اب اشتیاق احمد صاحب نے اس کی تشریح اور توضیح بھی کردی ہے۔ لیکن افسوس ہے کتابت اور طباعت کی غلطیاں اب بھی کچھ کم نہیں ہیں۔ پھر متن اور شرح کو اس طرح گڈمڈ کردیا گیا ہے کہ پڑھنے میں تسلسل باقی نہیں رہتا اور بڑی جھنجلاہٹ ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں تشریح ضرورت سے زیادہ طویل اور بعض مقامات پر متن سے بھی زیادہ غامض اور دقیق ہوگئی ہے۔ بہرحال علوم قاسمی کے مشتاقوں کے لئے یہ جدید اڈیشن نعمت غیر مترقبہ ہے۔